روزنامہ
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29

الفضل

Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعہ 6 مئی 2005ء 26 ربیع الاول 1426 ہجری 6 ہجرت 1384 ھش جلد 55-90 نمبر 99

چند ضروری باتیں

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ جبکہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے سواری پر بیٹھا تھا آپؐ نے فرمایا اے برخوردار! میں تجھے چند باتیں بتاتا ہوں اللہ تعالیٰ پر نگاہ رکھ۔ تو اسے سامنے پائے گا۔ تو اللہ تعالیٰ کو خوشحالی میں پہچان اللہ تعالیٰ تجھے تنگدستی میں پہچانے گا۔

(مسند احمد۔ حدیث نمبر 2666)

جماعت احمدیہ کینیا کا 40 واں جلسہ سالانہ ایم ٹی اے پر براہ راست ٹیلی کاسٹ ہوا

تمام دینی تعلیمات کا خلاصہ ہے کہ انسان خدا سے زندہ تعلق قائم کرے

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے جلسہ سالانہ کینیا سے افتتاحی خطاب کا خلاصہ 28/ اپریل 2005ء

مورخہ 28/ اپریل 2005ء کو پارک لینڈ نیروبی کینیا میں جماعت احمدیہ کینیا (مشرقی افریقہ) کے 40 ویں جلسہ سالانہ کا افتتاحی اجلاس ہوا۔ پنڈال میں تشریف لانے سے قبل حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے لوائے احمدیت لہرایا اور مکرم وسیم احمد صاحب چیمہ امیر و مشنری انچارج کینیا نے کینیا کا جھنڈا لہرایا۔ حضور انور نے دعا کروائی۔ اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نعروں کی گونج میں جلسہ گاہ تشریف لے گئے۔ مقامی خدام نے سواحیلی زبان میں استقبالیہ اشعار پڑھے۔

تلاوت قرآن پاک اور نظم کے بعد مسٹر موڈی آووری (Mr.Moody Awory) نائب صدر کینیا کا سواحیلی میں تعارف پیش کیا گیا۔ بعد میں نائب صدر کینیا نے انگلش میں خطاب کیا جس میں انہوں نے سب سے پہلے حضور انور کو خوش آمدید کہا۔ اور جلسہ میں شمولیت پر خوشی کا اظہار کیا۔ اور جماعت احمدیہ کا کینیا کی حکومت کے ساتھ تعاون نیز عوام کی فلاح و بہبود، تعلیم، میڈیکل کی سہولیات، محبت، امن اور اتحاد کے پیغام کو زبردست روحانی قوت کے ذریعہ سے پھیلانے میں جماعت کی خدمات کا اعتراف کیا۔ اور خاص طور پر فرمایا کہ ہمیں بہت خوشی ہوئی کہ جماعت نے قرآن کریم کا سواحیلی اور دوسری اہم مقامی زبانوں میں ترجمہ کر کے بہت بڑی خدمت کی ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ جماعت محنت اور عزم کی تعلیم دیتی ہے اور ملک سے کرپشن بے راہ روی اور غربت کو ختم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ آخر میں انہوں نے جلسہ کے انعقاد کی مبارکباد دی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ان کو جلسہ میں شمولیت کی یادگاری شیلڈ عطا فرمائی اور اس کے بعد انگلش میں افتتاحی خطاب فرمایا۔ جس کا ساتھ ساتھ سواحیلی میں ترجمہ مکرم عبداللہ جمعہ صاحب پیش کرتے رہے۔

حضور نے فرمایا کہ خدا کے فضل سے جماعت احمدیہ کینیا کا آج 40 واں جلسہ سالانہ شروع ہو رہا ہے۔ اور میں اس میں تمام شاملین کو یہ یاددہانی کروانا چاہتا ہوں کہ تمام انبیاء ایک عظیم الشان مقصد کے لئے دنیا میں بھیجے گئے اور حضرت مسیح موعود بھی اسی مقصد کے حصول کے لئے بھیجے گئے۔ یہ عظیم اور پاکیزہ مقصد یہ ہے کہ ہر انسان خدا تعالیٰ سے تعلق قائم کرے۔ لوگ جہنم کی آگ سے بچائے جاویں۔ سیدھے راستے پر چلیں اور ہر ایک گناہ سے بچیں۔ حضرت مسیح موعود کی بتائی ہوئی تعلیمات پر چلیں کیونکہ یہ خدا تعالیٰ نے آپ کے عشق رسول کو دیکھتے ہوئے آپ کو عطا فرمائی ہے۔

آپ نے فرمایا کہ قرب الٰہی پانے کا ایک طریق خدا کی عبادت ہے۔ قرآنی آیت حتی یاتیک الیقین میں یقین سے مراد وہ حقیقی علم ہے جو تمام شکوک مٹا دیتا ہے۔ اور یقین سے مراد موت بھی ہے۔ یعنی عبادت اس وقت تک کرتے رہو کہ تمہیں کامل اور سچا ایمان مل جائے۔ اور تمام تاریکیاں دور ہو جائیں آخر دم تک عبادت میں لگے رہو کبھی تھکنا نہیں۔ پیچھے نہیں ہٹنا۔ یہ نہیں سوچنا کہ کافی عبادت کر چکا ہوں۔ صبر سے عبادت کریں۔ حضور نے حضرت مسیح موعود کی تحریرات اور احادیث سے اس مضمون کی مزید وضاحت فرمائی۔

اور فرمایا کہ عبادت کی غرض خدا کا قرب اور رحمت حاصل کرنا ہے۔ خدا کا بندہ بننا ہے۔ اگر نماز پڑھی اور دنیا کے پیچھے بھاگے تو ایسی نماز بے فائدہ ہے۔ بلکہ چاہئے کہ دنیا تمہارے سامنے حقیر ہو جائے۔ اور خدا کی خوشی کے سوا کوئی خواہش نہ ہو۔ نیز عبادت ایسی ہو کہ اس کے ذریعہ تمہارے اندر ایک نیک تبدیلی پیدا ہو۔ صرف یہ کافی نہیں کہ ہم نے حضرت مسیح موعود کو مان لیا ہے بلکہ ایسی تبدیلی لانی ہے جیسے نئی زمین اور نیا آسمان ہو۔

فرمایا کہ اس وقت لوگ دنیا داری میں لگے ہوئے ہیں۔ گناہ کو گناہ نہیں سمجھا جاتا اور صرف دنیا کی سہولتوں کے پیچھے بھاگتے ہیں۔ تم نے ایسا نہیں کرنا۔ اپنے دل کو قابو میں رکھنا ہے۔ صرف خدا کی خوشنودی حاصل کرنی ہے۔ یہی نئی دنیا اور نیا آسمان ہوگا۔

حضور انور نے فرمایا ایک یہ بات بھی یاد رکھیں کہ صرف پانچ نمازیں ہی کافی نہیں ہیں کیونکہ لوگ دنیا میں حاجی اور نیک کہلانے کے لئے نمازیں پڑھتے ہیں۔ ایسی نمازیں لوگوں کو دھوکہ دینے کے لئے ہوتی ہیں۔ اور اگر گندی عادتیں نہ چھوڑی جائیں تو ایسی عبادت بے سود ہے ہمسایوں کے ساتھ حسن سلوک کریں کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی بار بار ہمسایوں کے حقوق کی طرف توجہ دلائی یہاں تک کہ صحابہؓ سمجھے کہ ہمسایہ شاید وارث بھی بنا دیا جائے۔ مسکینوں اور غریبوں سے حسن سلوک کرو اور کبھی فخر نہ کرو یہی معیار ہیں اخلاق کے جو خدا تعالیٰ تمہارے اندر دیکھنا چاہتا ہے۔

فرمایا سچی اور حقیقی عبادت انسان کے اندر تبدیلی پیدا کرتی ہے۔ اور خدائی احکامات کو ماننا چاہئے اور کسی کے ساتھ زیادتی نہیں کرنی چاہئے۔ کسی سے چھیننا نہیں امیر اپنے مزدور کے حقوق دے۔ مزدور اپنا کام دیانتداری سے پورا کرے۔ اگر امیر غریب کا حق مارے تو گناہ ہے اسی طرح ملازم پورا وقت کام نہ کرے تو یہ بھی گناہ ہے۔

فرمایا یہ جلسے بھی اسی مقصد کے حصول کا ایک ذریعہ ہیں۔ اس کے ذریعہ یاددہانی ہوتی ہے۔ عبادت کی کمی دور کی جاتی ہے۔ دو تین دن لگاتار صرف عبادت میں گزارے جاتے ہیں تا تربیت ہو۔ نظام کی اطاعت کرو۔ اور اچھی باتیں سنو اور اپنے اندر نیک

(باقی صفحہ 4 پر)

مریم شادی فنڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ ''مریم شادی فنڈ'' ہے۔

مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

''اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جاسکے گا۔''

(الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تاکہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہوسکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔

جزاکم اللہ (ناظر اعلیٰ)

ربوہ کے سکنی پلاٹس کے مقاطعہ گیران کیلئے ضروری اعلان

صدر انجمن احمدیہ کی طرف سے ربوہ کے سکنی قطعات کو کمرشل استعمال میں لانے کی اجازت نہیں۔ جو مقاطعہ گیر سکنی کو کمرشل استعمال میں لائے گا اس کی لیز صدر انجمن احمدیہ کے قواعد کے مطابق منسوخ کرنے کی کارروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔

(سیکرٹری کمیٹی آبادی ربوہ)

اسیران کیلئے دعا

جماعت کے بہت سے افراد مختلف مقدمات میں قید کئے گئے ہیں۔ اور تکالیف اٹھا رہے ہیں۔ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سب اسیران راہ مولیٰ کی قربانی کو قبول فرمائے اور ان کی باعزت رہائی کے سامان کرے اور ان کے اہل وعیال کا کفیل بن جائے۔ آمین

(بقیہ صفحہ 1)

تبدیلی پیدا کرو۔ مگر ایسا نہ ہو کہ اس ماحول میں تو جوش ہو اور خوب عبادت ہو مگر واپس جا کر سب بھول جائیں۔ عبادت بھول جائیں۔ دوسروں کے حقوق ادا کرنے بھول جائیں۔

نومبائعین کے متعلق فرمایا کہ ان کو بھی ایسے ماحول سے احمدیت کی حقیقی تصویر دیکھنے کو ملتی ہے۔ تربیت کا موقع ملتا ہے۔ اگر نیک نیت سے اس میں شامل ہوں گے تو خدا آسمان سے برکتیں نازل کرے گا۔ یہاں حضور نے وہ حدیث سنائی جس میں بتایا گیا ہے کہ خدا ایسی مجالس پر رحمت کرتا ہے۔ فرشتے اپنے پروں سے ڈھانک لیتے ہیں اور مغفرت مانگتے ہیں شاملین کے لئے۔ یہ ایسے خوش قسمت لوگ ہوتے ہیں کہ ان کی تمام نیک تمنائیں خدا ان کو عطا کر دیتا ہے۔

حضور نے فرمایا کہ آج کل دنیا میں ہر طرف شیطان اور اس کے کارندے گمراہی کا جال پھیلائے بیٹھے ہیں۔ تو ایسے میں اس طرح کی مجالس منعقد کرنا اور ان میں شامل ہونا اور بھی زیادہ ضروری ہو جاتا ہے۔

فرمایا کہ یاد رکھو اگر گناہ کیا جائے تو خدا سزا بھی دیتا ہے اس لئے ہر برے گندے خیال کو چھوڑ دیں۔ خدا کی خوشنودی کو حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ تقویٰ کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنائیں۔ اور اچھے نیک اخلاق کی ایسی دیوار کھڑی کرلو کہ شیطان ان سے کود کر تم پر حملہ نہ کرسکے۔

حضور نے مستورات کی تربیت کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا کہ تیسری دنیا میں جہاں علم کی کمی ہے عورتوں کی تعلیم کی طرف توجہ نہیں دی جارہی۔ اگر عورتوں کی صحیح تربیت نہ کی گئی تو آئندہ نسل کو تربیت نہیں دی جاسکتی۔ احمدی عورت کا ایک مقام ہے اس کو اس کا مقام سمجھائیں۔ اگر وہ اپنی عبادتوں کا خیال رکھیں اپنی تعلیم کا خیال رکھیں خود اچھے اخلاق اپنائیں۔ اپنے اندر تبدیلی پیدا کریں تو پھر ان کا مستقبل بھی اچھا ہوگا۔ اور آئندہ نسل کا بھی۔

حضور نے فرمایا کہ تعلیم کو غربت کی وجہ سے چھوڑ نہیں دینا۔ اگر کہیں کوئی غربت کی وجہ سے تعلیم سے محروم رہ رہا ہو تو جماعت ان کا خیال رکھے۔ اور ضرور رکھے گی۔ انشاء اللہ۔

آخر میں حضور نے فرمایا کہ خدا تم سب کو اس کی توفیق دے کہ اپنے مقام کو پہچانو اور حضرت مسیح موعود کی دعاؤں کے وارث بنو خدا اس جلسہ کو کامیاب کرے اور برکت دے اور جب واپس جاؤ تو ایک نیک تبدیلی کے ساتھ جاؤ۔

فرمایا ان سب افراد کا جنہوں نے اس جلسہ کا انتظام کیا شکریہ ادا کرتا ہوں خدا تعالیٰ ان سب کو اپنی رحمت سے نوازے (آمین) اس کے بعد حضور نے دعا کروائی۔

سیکرٹریان تعلیم توجہ کریں

۞ ان دنوں ایف اے، ایف ایس سی کے طلبہ کے امتحان ہو رہے ہیں اس لئے سیکرٹریان تعلیم سے درخواست ہے کہ ان سے مستقل انفرادی رابطہ رکھیں اور ان کیلئے دعا بھی کریں اور اگر ان کو کسی مشکل کا سامنا ہو تو اس کو مقامی سطح پر حل کرنے کی کوشش کی جائے۔ اس سلسلہ میں تعلیمی کمیٹی سے بھی مدد لی جائے جس میں آپ کے علاوہ انصار اللہ، لجنہ اماء اللہ اور خدام الاحمدیہ کا بھی ایک ایک نمائندہ ہو نیز مزید راہنمائی کیلئے نظارت تعلیم سے مستقل رابطہ بہت ضروری ہے۔

☆ سیکرٹریان تعلیم سے گزارش ہے کہ وہ طلباء و طالبات کو انگریزی زبان (Written and spoken) کو بہتر بنانے کی طرف توجہ دلائیں۔ اور ان کو اخبارات رسائل اور چھوٹی چھوٹی انگریزی کی کتب کے مطالعہ کی طرف راغب کریں اس سلسلہ میں لائبریری قائم کریں اور اس میں مختلف موضوعات کی کتب شامل کریں تا کہ طلبہ ان سے استفادہ کرسکیں۔

☆ وہ طلبہ جو خدمت دین کیلئے اپنی زندگیاں وقف کرنا چاہتے ہیں ان سے بھی مسلسل رابطہ رکھیں اور ان کو قرآن کریم اور دینی معلومات کا مطالعہ نیز الفضل کے مطالعہ کی طرف خاص طور پر توجہ دلائی جائے۔

☆ نظارت تعلیم کی طرف سے تمام سیکرٹریان تعلیم کو ماہوار رپورٹ فارم کا نمونہ ارسال کیا گیا تھا اس سلسلہ میں تحریر ہے کہ یہ رپورٹ ہر ماہ باقاعدگی سے مقررہ فارم پر ارسال کرنا بہت ضروری ہے تا کہ تمام سیکرٹریان تعلیم سے نظارت کا مستقل رابطہ ہو۔

تمام احمدی احباب سے درخواست ہے کہ ان دنوں خاص طور پر ان احمدی طلباء و طالبات کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں جو امتحانات دے رہے ہیں تا کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ان کو نمایاں کامیابی عطا فرمائے اور اپنے خاندان اور جماعت احمدیہ کیلئے نیک وجود ثابت کرے۔ آمین (نظارت تعلیم)

درخواست دعا

۞ مکرم منیر احمد بسمل صاحب نائب ناظر اشاعت لکھتے ہیں میرے بھانجے مکرم صداقت احمد صاحب 2 مئی کو موٹر سائیکل کے ایک حادثہ میں زخمی ہوگئے ہیں اور نچلے جبڑے کی دونوں طرف کی ہڈی ٹوٹ گئی تھی۔ جو الائیڈ ہسپتال میں 4 مئی کو آپریشن سے جوڑ دی گئی ہے۔ صداقت احمد کے ساتھ ہی اس کی بھتیجی امان بھی تھی اس کی دائیں ٹانگ ٹوٹ گئی ہے فضل عمر ہسپتال ربوہ میں داخل ہے اب الحمد للہ حالت بہتر ہو رہی ہے۔ دونوں کی مکمل صحت یابی کیلئے احباب سے درخواست دعا ہے۔

اخلاق اور اعمال کی درستی کیلئے صرف ارادہ ہی کر لینا کافی نہیں بلکہ اس کے ساتھ مشق اور محنت کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ (حضرت خلیفۃ المسیح الثانی)

احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

اتوار 8 مئی 2005ء

12-30 a.m	لقاء مع العرب
1-30 a.m	گفتگو
1-50 a.m	بچوں کا پروگرام
2-50 a.m	مشاعرہ
3-55 a.m	خطبہ جمعہ
5-00 a.m	تلاوت، ہماری تعلیم خبریں
6-05 a.m	چلڈرنز کارنر
6-30 a.m	لقاء مع العرب
7-35 a.m	ورائٹی پروگرام
8-35 a.m	سوال و جواب
10-00 a.m	سیرت حضرت مسیح موعود
10-40 a.m	سفر ہم نے کیا
11-00 a.m	تلاوت، ہماری تعلیم خبریں
12-05 p.m	گلشن وقف نو
1-05 p.m	چلڈرنز کارنر
1-25 p.m	سفر ہم نے کیا
2-55 p.m	انڈونیشین سروس
3-55 p.m	سپینش پروگرام
5-00 p.m	تلاوت، ہماری تعلیم خبریں
6-00 p.m	بنگلہ پروگرامز
7-05 p.m	خطبہ جمعہ
8-10 p.m	گلشن وقف نو
9-10 p.m	دورہ حضور ایدہ اللہ
10-10 p.m	سوال و جواب
11-10 p.m	چلڈرنز کارنر
11-30 p.m	عربی پروگرام

پیر 9 مئی 2005ء

12-30 a.m	لقاء مع العرب
1-35 a.m	سفر ہم نے کیا
2-00 a.m	گلشن وقف نو
3-10 a.m	سیرت حضرت مسیح موعود
3-45 a.m	سوال و جواب
5-00 a.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-00 a.m	چلڈرنز کارنر
6-30 a.m	لقاء مع العرب
7-30 a.m	بچوں کا پروگرام
8-20 a.m	خطبہ جمعہ
9-05 a.m	طب و صحت کی باتیں
9-40 a.m	علمی خطابات
10-35 a.m	کوئز روحانی خزائن
11-15 a.m	تلاوت
11-30 a.m	لائیو جلسہ سالانہ تنزانیہ
2-50 p.m	انڈونیشین پروگرامز
3-50 p.m	چائنیز پروگرام
4-25 p.m	طب و صحت کی باتیں
5-00 p.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-05 p.m	جلسہ سالانہ تنزانیہ (ریکارڈنگ)
9-00 p.m	فرانسیسی پروگرام
10-30 p.m	عربی پروگرام

منگل 10 مئی 2005ء

12-20 a.m	لقاء مع العرب
1-25 a.m	چلڈرنز کارنر
2-00 a.m	جلسہ سالانہ تنزانیہ (ریکارڈنگ)
5-00 a.m	تلاوت، درس، خبریں
6-00 a.m	چلڈرنز کارنر
6-20 a.m	لقاء مع العرب
7-30 a.m	جلسہ سالانہ تنزانیہ (ریکارڈنگ)
11-00 a.m	تلاوت، درس، خبریں
11-30 a.m	لائیو جلسہ سالانہ تنزانیہ
3-00 p.m	انڈونیشین پروگرام
4-00 p.m	سندھی پروگرام
5-05 p.m	تلاوت، درس، خبریں
6-10 p.m	بنگلہ پروگرام
7-00 p.m	جلسہ سالانہ تنزانیہ ریکارڈنگ
10-10 p.m	سوال و جواب
11-10 p.m	چلڈرنز کارنر
11-30 p.m	عربی پروگرام

بدھ 11 مئی 2005ء

12-35 a.m	لقاء مع العرب
1-35 a.m	راہ ہدایت
2-00 a.m	جلسہ سالانہ تنزانیہ (ریکارڈنگ)
5-00 a.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-05 a.m	بچوں کا پروگرام
6-35 a.m	لقاء مع العرب
7-30 a.m	جلسہ سالانہ تنزانیہ (ریکارڈنگ)
11-00 a.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-05 p.m	گلشن وقف نو
1-10 p.m	ہماری کائنات
1-45 p.m	سوال و جواب
2-55 p.m	انڈونیشین پروگرامز
3-55 p.m	سواحیلی پروگرام
5-00 p.m	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-05 p.m	بنگلہ پروگرامز
7-05 p.m	خطبہ جمعہ 1-2-84
8-00 p.m	تقاریر جلسہ
8-40 p.m	ورائٹی پروگرام
9-00 p.m	سوال و جواب
10-05 p.m	بچوں کا پروگرام
11-00 p.m	عربی پروگرام
11-30 p.m	سوال و جواب

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

کینیا مشرقی افریقہ کا خوبصورت ملک

سرکاری نام:
جمہوریہ کینیا (Republic of Kenya)

وجہ تسمیہ:
اس کا نام بانی اور پہلے صدر 'جومو کینیاٹا' کے نام پر رکھا گیا۔

محل وقوع:
مشرقی وسطی افریقہ

حدود اربعہ:
اس کے شمال میں سوڈان اور ایتھوپیا۔ مشرق میں صومالیہ اور بحر ہند۔ جنوب میں تنزانیہ۔ مغرب میں جھیل وکٹوریہ اور یوگنڈا واقع ہیں۔

جغرافیائی صورتحال:
کینیا افریقہ کا خوبصورت ملک ہے اور خط استواء کے بائیں طرف واقع ہے۔ شمال سے جنوب تک اس کی لمبائی 1030 کلومیٹر (640 میل) اور مشرق سے مغرب تک چوڑائی 901 کلومیٹر (560 میل) ہے۔ بحر ہند کے ساتھ واقع جنوبی علاقہ بلند سطح مرتفع جس کی اونچائی 3050 میٹر تک ہے۔ اس کا ساحلی میدان تنگ جبکہ شمالی علاقہ زیادہ تر بنجر اور پہاڑی ہے۔ بڑا حصہ سرسبز ہے جہاں ناکورو، تائیواشا اور ترکانا جھیلیں واقع ہیں۔ سرسبز و شاداب پہاڑی سلسلوں، زرخیز میدانی علاقوں اور خوبصورت ساحلوں کے علاوہ ریگستانی خطوں پر مشتمل یہ ملک سیاحوں کے لئے انتہائی پُرکشش ہے۔ دنیا کا سب سے بڑا نیشنل سفاری پارک بھی کینیا میں ہے۔ ساحل 536 کلومیٹر

رقبہ:
5,82,646 مربع کلومیٹر

آبادی:
2 کروڑ 90 لاکھ نفوس (2000ء)

دارالحکومت:
نیروبی Nairobi (20 لاکھ)

بلند ترین مقام:
ماؤنٹ کینیا (5200 میٹر)

بڑے شہر:
ممباسہ۔ کسومو۔ ناکورو۔ مالندی۔ ایلڈورٹ۔ مرسابت۔ کٹالے۔ تھیکا۔ کیریچو۔ ماگادی۔ گارسن۔

زبانیں:
سواحیلی سرکاری زبان ہے اس کے علاوہ انگریزی، کیکویو۔ لوہیا۔ میرو بھی بولی جاتی ہیں۔

مذاہب:
عیسائی 50 فیصد۔ مسلم 30 فیصد۔ مظاہر پرست 20 فیصد

اہم نسلی گروپ:
کیکویو 20 فیصد۔ لوھیا 15 فیصد۔ لو 15 فیصد۔ کیلانج 11 فیصد۔ کامبا 10 فیصد۔ کیسی 5 فیصد۔ میرو۔ ایشیائی۔ عرب۔ یورپی

یوم آزادی:
12 دسمبر 1963ء

رکنیت اقوام متحدہ:
18 دسمبر 1963ء

کرنسی یونٹ:
کینیا شلنگ = 100 سینٹ (سنٹرل بینک آف کینیا)

انتظامی تقسیم:
7 صوبے ایک دارالحکومت نیروبی (44 ضلعے)

موسم:
معتدل ہوتا ہے۔ کچھ علاقوں میں گرم مرطوب جبکہ اندرون علاقوں میں سرد اور خوشگوار رہتا ہے۔

اہم زرعی پیداوار:
کافی۔ چائے۔ کپاس۔ سیسل۔ کرم کش پودے گندم۔ مونگ پھلی۔ گنا۔ مکئی۔ پھل و سبزیاں۔ سورگم۔

اہم صنعتیں:
سیاحت۔ ہلکی مشینری۔ پٹرولیم کی مصنوعات۔ سیمنٹ۔ فوڈ پروسیسنگ۔ مشروبات۔ روغن۔ فرنیچر۔ بیڑیاں۔ کپڑا۔ صابن۔ چائے۔ سگریٹ

اہم معدنیات:
سونا۔ چونے کا پتھر۔ ڈائٹو مائٹ۔ نمک۔ میگنسائٹ۔ تانبا۔ سوڈا ایش۔ فلورائٹ

مواصلات:
فضائی کمپنی کینیا ایئر ویز۔ 15 ہوائی اڈے۔ نیروبی انٹرنیشنل ایئرپورٹ۔ ممباسہ بڑی بندرگاہ ہے۔

تاریخی پس منظر

کینیا افریقہ کا ایک اہم اور خوبصورت ملک ہے۔ یہاں کی موجودہ آبادی تقریباً 1500 سال پہلے حملہ آوروں کے مختلف گروہوں کی آمد کا نتیجہ ہے۔ اس کا ساحلی علاقہ 7 ویں صدی عیسوی میں ہاتھی دانت کے عرب اور ایرانی تاجروں نے آباد کیا۔ تقریباً 1000ء میں شمال سے آنے والے نیلوٹک قبائل نے مشرقی افریقہ کو فتح کیا۔ یہ حملہ آور ہیما Hima کہلاتے تھے۔ انہوں نے گلہ بانی و زراعت کو فروغ دیا اور طاقتور سلطنتوں کی بنیاد رکھی۔ 14 ویں صدی عیسوی میں بنتو Bantu حملہ آوروں نے نیلوٹک قبائل کو یوگنڈا کی طرف دھکیل دیا جہاں انہوں نے نئی سلطنتیں قائم کیں کچھ کو تنزانیہ مہاجر کر دیا گیا جہاں بنتو کے ساتھ مل کر انہوں نے سوکوما اور نیاموزی سلطنتوں کی بنیاد رکھی۔

بنتو قبائل کینیا پر دو راستوں سے حملہ آور ہوئے۔ کامبا اور کیکویو نے مغرب کی طرف سے جہاں بڑی جھیلوں کا علاقہ ہے داخل ہوئے اور اونچے علاقوں پر آبادیاں قائم کیں۔ جنوبی راستوں سے ٹائٹا اور ساحلی بنتو داخل ہوئے۔ یہ دونوں گروپ قبائل کی شکل میں منظم ہوئے لیکن ان کی سیاسی و سماجی حیثیت نہیں تھی۔ کینیا میں بننے والی بنتو سلطنتیں زیادہ طاقتور تھیں۔ بنتو گروپ میں صرف کیکویو Kikuyu واحد قبائل تھے جس نے اپنا معاشرہ برقرار رکھا تھا۔ انہوں نے اونچے اور زرخیز علاقوں میں زراعت کو ترقی دی۔ بنتو نے عظیم رفت وادی کے علاقے کو استعمال کیا۔

11 ویں صدی عیسوی کے بعد کینیا کا ساحلی علاقہ جنوبی عرب سے آنے والے تاجروں کے زیر تسلط آ گیا۔ انہوں نے مختلف زنج Zenj ریاستیں قائم کیں۔ انہوں نے ملک کا نام Land of Zenj (کالے لوگوں کا وطن) رکھا۔ ان عرب تاجروں کی سب سے اہم آبادیاں ممباسہ اور مالندی میں قائم تھیں۔ ان مسلمان عرب تاجروں نے اندرونی تجارت پر غلبہ حاصل کر لیا اور یہ شہر بحر ہند کے تجارتی نظام میں اہم بندرگاہوں کی حیثیت اختیار کر گئے۔ اسی دوران میں ساحلی علاقوں کے ساتھ عرب بنتو ثقافت پروان چڑھی۔ عربی و بنتو زبانوں کے ملاپ سے سواحیلی زبان وجود میں آئی جو کہ بعد ازاں تمام مشرقی افریقہ کی تجارتی زبان بن گئی۔

15 ویں صدی میں پرتگالی یہاں وارد ہوئے اور بحر ہند کی تجارت پر اجارہ داری حاصل کرنے کی کوشش کی۔ اگلی صدی کے دوران انہیں مقامی مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا۔ اس کے باوجود زنج ریاستوں پر حکومت کرتے رہے۔ 17 ویں صدی عیسوی میں جھیل ترکانا کے شمالی علاقے میں دوسرے حملہ آور گروہ وارد ہوئے۔ یہ ماسائی Masai قبائل تھے جو کہ گلہ بانی کا پیشہ اپناتے تھے۔ اسی صدی کے شروع میں ولندیزیوں اور انگریزوں نے یہاں کی تجارت پرتگالیوں سے چھین لی۔ زنج ریاستوں نے اپنی آزادی بدستور برقرار رکھی۔

19 ویں صدی کے شروع میں مسقط کے سلطان سید سعید نے کینیا کا شمالی ساحلی علاقہ فتح کر کے اپنی سلطنت میں شامل کر لیا۔ اس نے یہاں ایک تجارتی سلطنت قائم کی۔ اس نے داخلی علاقوں کے بنتو قبائل کو نہیں چھیڑا اور اس نے اپنا دارالحکومت زنجبار منتقل کیا۔ زنجبار میں لونگ اور ممباسہ میں پام آئل کی فصل بڑے پیمانے پر کاشت کرائی۔ مزدوروں کی کمی پوری کرنے کے لئے سلطان نے غلاموں کی تجارت کا سہارا لیا۔ غلاموں کے لالچی یورپی تاجروں نے کینیا میں گہری دلچسپی لی۔ سلطان سعید کے بعد اس کا بیٹا برغش حکمران بنا۔

1873ء میں جان کرک برطانیہ کا قونصل جنرل بن کر یہاں آیا۔ اس نے سلطان برغش کو مشورہ دیا کہ اپنی فوج میں اضافہ کر کے مشرقی کینیا اور تنزانیہ کو بھی اپنی سلطنت میں شامل کر لے لیکن سلطان نے یہ مشورہ مسترد کر دیا۔ 1886ء میں برطانیہ نے کینیا کے علاقے میں اپنے اثر و رسوخ میں بے حد اضافہ کر لیا۔ 1887ء میں اسی مقصد کے لئے برٹش ایسٹ افریقہ کمپنی قائم ہوئی۔ چنانچہ 1890ء میں کینیا برطانیہ کا زیر حفاظت علاقہ قرار پایا۔

1895ء میں کینیا ''امپیریل برٹش ایسٹ افریقہ'' (IBEA) کا حصہ بن گیا لیکن 1896ء میں برٹش فارن آفس نے براہ راست کینیا کا کنٹرول سنبھال لیا۔

انگریزوں نے ممباسہ سے جھیل وکٹوریہ تک ریلوے لائن بچھائی۔ برطانوی قبضے سے انگریزوں کو بنتو یا ماسائی قبائل کی طرف سے کسی قسم کی مزاحمت کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ 1899ء میں انگریزوں نے نیروبی کی بنیاد رکھی۔ 1902ء میں کینیا کا تمام علاقہ برطانیہ کے کنٹرول میں آ گیا۔ 1905ء میں نیروبی کو کینیا کا دارالحکومت قرار دے دیا گیا۔ پہلی جنگ عظیم کے دوران کینیا جرمن افواج کے خلاف برطانیہ کا اہم اڈہ بن گیا۔ 23 جولائی 1920ء کو برطانیہ نے اسے اپنی کالونی کا درجہ دیا۔ کینیا میں کراؤن کالونی طرز کا نظام حکومت قائم کیا گیا۔ یہاں کے گورنر کو لندن سے نامزد کیا جاتا تھا۔ کچھ افریقن اگرچہ اپنے علاقوں میں خود مختار تھے لیکن انہیں برٹش ڈسٹرکٹ آفیسر سے ہدایات لینا پڑتی تھیں۔ یہ افریقن برائے نام اور فیشن کے طور پر نامزد تھے۔ قبائلیوں کو زمینوں کے حقوق حاصل تھے لیکن تمام غیر مقبوضہ زمین شاہی حکومت کی ملکیت بن گئی۔ جنگ عظیم اول ختم ہوئی تو تقریباً 9 ہزار سفید فام کینیا میں مقیم تھے۔ ان کو زمینیں اور ہر طرح کی سہولیات بہم پہنچائی گئیں۔

دوسری جنگ عظیم کے بعد کیکویو قبائل نے برطانوی سامراجیت کے خلاف تحریک کا آغاز کیا۔ ان لوگوں کی زمینیں انگریزوں نے چھین لی تھیں۔ 1950ء کے دوران تحریک آزادی نے زور پکڑا۔ انگریزوں کے خلاف شدید نفرت پیدا ہوئی اور افریقی قبائل نے قبیلہ کیکویو کے ایک رہنما جومو کینیاٹا (اصلی نام کامایو نگینگی Kamau Ngengi) کی قیادت میں غیر ملکی آقاؤں کے خلاف مسلح جدوجہد کا آغاز کیا۔

یہ مسلح تحریک ماؤماؤ Mau Mau کے نام سے معروف ہوئی۔ جوموکینیا ٹا ستمبر 1946ء میں وطن واپس آئے اور نئی تشکیل شدہ جماعت کینیا افریقن یونین کی لیڈر شپ سنبھالی۔ جون 1947ء میں وہ پارٹی کے صدر منتخب ہوگئے۔ جوموکینیاٹا نے اپنی تقریروں سے عوام میں زبردست جوش و خروش پیدا کیا۔ 20 ر اکتوبر 1952ء کو برطانیہ نے کینیا میں ایمرجنسی نافذ کرکے جوموکینیا ٹا کو گرفتار کرلیا۔ یہ ایمرجنسی ماؤ ماؤ تنظیم کے گوریلوں سے نمٹنے کے لئے نافذ کی گئی تھی جنہوں نے ہفتوں میں کینیا میں مقیم 40 انگریز اہلکاروں اور باغات کے مالکوں کو قتل کردیا تھا۔ ماؤ ماؤ تنظیم کے گوریلوں کا اصل تعلق کیکویو قبیلے سے تھا۔ جوموکینیا ٹا پر بغاوت کا مقدمہ چلایا گیا اور اسے سزائے موت سنادی گئی۔ تحریک دبنے کی بجائے مزید زور پکڑتی گئی اور تحریک کے لیڈر جوموکینیا ٹا نے ہتھیار ڈالنے کی بجائے موت کو ترجیح دی لیکن انگریز کینیا ٹا کو پھانسی لگانے کی ہمت نہ کرسکے۔ 1953ء میں کینیا خونریز سرگرمیوں کے باعث عالمی توجہ کا مرکز بنا۔ 1956ء میں ایمرجنسی کا خاتمہ ہوا اور ساتھ ہی آبادکاری پالیسی کو بھی ختم کردیا گیا۔ اس دوران حکومت نے کینیا کی سب سے بڑی سیاسی جماعت ''کینیا افریقن نیشنل یونین'' (KANU) کو تعاون و مذاکرات کی دعوت دی لیکن پارٹی نے اپنے لیڈر کینیا ٹا کی رہائی تک کسی قسم کے مذاکرات سے انکار کردیا۔

بالآخر 14 راگست 1961ء کو برطانوی حکومت کے حکم پر برٹش ڈسٹرکٹ کمشنر نے کینیا ٹا کو رہا کردیا۔ ماؤ ماؤ تحریک میں 12 ہزار حبشی اور کئی ہزار سفید فام باشندے ہلاک ہوئے یہ تحریک 8 سال تک جاری رہی۔

مئی 1963ء میں آزادانہ انتخابات میں کانو Kanu کامیاب ہوئی اور ایک عبوری حکومت قائم ہوئی۔ بالآخر طویل جدوجہد کے بعد 12 دسمبر 1963ء کو برطانیہ نے کینیا کو مکمل طور پر آزاد کردیا۔

12 دسمبر 1963ء کو ہی کینیا کا آئین نافذ ہوا اور جوموکینیا ٹا بابائے قوم کی حیثیت سے ملک کے پہلے وزیراعظم کے طور پر برسراقتدار آئے۔

12 دسمبر 1964ء کو ایک آئینی ترمیم کے بعد ملک کو جمہوریہ قرار دیا گیا تو جوموکینیا ٹا جمہوریہ کینیا کے پہلے صدر مقرر ہوئے۔ 1965ء میں یک جماعتی حکومت قائم ہوئی۔ سفید فارم آبادکاروں کے خوف سے کینیا ٹا حکومت نے خود کو اعتدال پسند۔ مغرب نواز اور ترقی پسند ثابت کیا۔ حکومت نے اندرون ملک مختلف قبائلیوں کے ساتھ امن قائم کیا اور کینیا کے روایتی لیڈروں کی وساطت سے بے زمینوں میں دوبارہ اراضی تقسیم کی۔ 5 راپریل 1965ء کو تمام برطانوی فوج اور مشیر کینیا سے چلے گئے۔

1966ء میں نائب صدر اوگنگا اوڈینگا کے صدر جوموکینیا ٹا (Jomo Kenyata) کے ساتھ اختلافات پیدا ہوگئے تو اوڈینگا نے اپنی سیاسی پارٹی ''کینیئن پیپلز یونین'' (KPU) بنالی۔ 27 ر اکتوبر 1969ء کو (KPU) کی جانب سے حکومت مخالف مظاہروں کے نتیجے میں اوڈینگا کو نظر بند کردیا گیا۔ 30 ر اکتوبر کو (KPU) پر پابندی عائد کردی گئی اور کانو (KANU) قانونی سیاسی جماعت کے لئے میدان صاف ہوگیا۔

1967ء میں ڈینیئل اراپ موئی (پ 2 ستمبر 1924ء) نے نائب صدر کا عہدہ سنبھالا۔ 1968ء میں یورپی نژاد باشندوں کے خلاف تحریک شروع ہوئی جس نے آہستہ آہستہ شدت اختیار کرلی۔ 1967ء میں کینیا، تنزانیہ اور یوگنڈا پر مشتمل ایسٹ افریقن کمیونٹی کے نام سے اقتصادی یونین کا قیام عمل میں آیا۔

11 نومبر 1969ء کو کینیا ٹا دوبارہ صدر منتخب ہوگئے۔ 1973ء میں حکومت کینیا نے برطانوی پاسپورٹوں پر آئے ہوئے لوگوں کو ملک سے نکال دیا۔ کینیا ٹا نے اپنے ہمسایہ ممالک کے ساتھ اچھے تعلقات قائم کرنے کی کوشش کی لیکن 1976ء میں یوگنڈا کے ساتھ اس کے سرحدی حالات کشیدہ ہوگئے۔ چنانچہ یوگنڈا نے کینیا کا کچھ علاقہ اپنے قبضے میں لے لیا۔ وجہ تنازعہ یہ تھی کہ کینیا نے مبینہ طور پر اسرائیلی دہشت گردوں کی یوگنڈا کے خلاف مدد و حمایت کی تھی۔ جولائی میں صدر عیدی امین نے بمباری کی دھمکی دی۔

کینیا ٹا کی اعتدال پسند حکومت کی کوششوں سے ملک میں بڑے پیمانے پر بیرونی سرمایہ کاری ہوئی تھیکا Thika شہر کے نزدیک ایک بڑا صنعتی علاقہ قائم ہوا۔ اس کے علاوہ مرکزی نیروبی کو ایک جدید ترین شہر کی شکل دی گئی۔ سیاحت کی صنعت کینیا کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت اختیار کرگئی۔ 1977ء میں کینیا اور صومالیہ کے مابین ایک معاہدے کے تحت مشترکہ سرحدی کمیشن کا قیام عمل میں آیا۔ جون 1978ء میں عوام نے کینیا ٹا کو Mzee کا خطاب دیا جس کے معنی ہیں ''واحد پرانا دانشمند''۔ اس نے بڑے رعب و دبدبے کے ساتھ حکومت کی اور کینیا کے عوام کے دلوں میں اس کی مقبولیت بھی تھی۔ 22 راگست 1978ء کو جب جوموکینیا ٹا (84) کا انتقال ہوا تو پوری قوم نے سوگ منایا۔ اس دن نائب صدر وزیراعظم ڈینیئل اراپ موئی نے مسند صدارت سنبھالی۔

موائی کیبا کی نائب صدر بنے۔ 14 ر اکتوبر 1978ء کو اسمبلی نے موئی کی صدارت کی توثیق کردی۔ 8 نومبر 1979ء کو باضابطہ طور پر موئی کو صدر منتخب کرلیا گیا۔ 27 جون 1980ء کو امریکہ کینیا معاہدے کے تحت امریکہ کو کینیا کے فوجی اڈے استعمال کرنے کی اجازت مل گئی۔ صدر اراپ موئی نے کینیا ٹا کی اعتدال پسند سیاسی و اقتصادی پالیسیوں کو برقرار رکھا۔ جون 1982ء میں کینیا کو سرکاری طور پر یک جماعتی ریاست کا درجہ دے دیا گیا۔ حکمران جماعت کینیا افریقن نیشنل یونین KANU ملک کی واحد قانونی سیاسی جماعت قرار پائی۔

یکم اگست 1982ء کو فضائیہ کے افسروں نے اراپ موئی کا تختہ الٹنے کی کوشش کی لیکن صدر کی وفادار فوجوں نے اسے ناکام بنا دیا۔ 1988ء میں موائی کیبا کی کو نائب صدر کے عہدے سے برطرف کردیا گیا۔

1991ء میں بیرونی دباؤ پر اپوزیشن جماعتوں کو قانونی حیثیت دے دی گئی۔ ملک میں کثیر الجماعتی نظام رائج ہوا۔ اس کے لئے صدر موئی کے مخالفین نے طویل جدوجہد کی۔ 1992ء میں مغربی حصوں میں لو LUO اور کیکویو قبائل آپس میں لڑ پڑے۔ اس لڑائی میں 2 ہزار افراد ہلاک اور 50 ہزار بے گھر ہوئے۔ دسمبر 1992ء میں کینیا کی 26 سالہ تاریخ کے پہلے کثیر جماعتی قومی انتخابات منعقد ہوئے۔ صدر موئی کی جماعت کامیاب ہوئی۔ یکم جنوری 1993ء کو اراپ موئی نے چوتھی مرتبہ 5 سال کے لئے صدر کے عہدے کا حلف اٹھایا۔ انتخابات کے بعد کیکویو اور موئی کے قبیلے کالینجن Kalenjin کے درمیان مضبوط دوستی و تعاون قائم ہوا۔

جولائی 1997ء میں حکومت کے خلاف مظاہروں اور پرتشدد ہنگاموں کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ 10 نومبر 1997ء کو صدر نے پارلیمنٹ توڑ دی اور نئے انتخابات کا اعلان کیا۔ 26 نومبر کو سیاسی جماعتوں کو کام کرنے کی اجازت مل گئی۔ ''اسلامی پارٹی آف کینیا'' (IPK) اور ''کینیا ڈیموکریٹک الائنس'' (KENDA) کو بھی بحال کردیا گیا۔ 29 دسمبر 1997ء کو صدارتی، پارلیمانی و بلدیاتی انتخابات منعقد ہوئے۔ صدر موئی کی KANU نے اکثریت حاصل کی۔ موئی کے قریبی حریف ڈیموکریٹک پارٹی کے لیڈر اور سابق نائب صدر موائی کیبا کی تھے۔ کینیا کی تاریخ میں پہلی مسلمان خاتون ماریرا امواچائی KANU کے ٹکٹ پر پارلیمنٹ کی رکن منتخب ہوگئیں۔ 5 جنوری 1998ء کو موئی نے آخری 5 سالہ مدت کے لئے صدر کے عہدے کا حلف اٹھایا۔

7 راگست 1998ء کو نیروبی میں امریکی سفارتخانے کے اندر بم دھماکہ ہوا۔ جس میں کینیا کے 200 افراد ہلاک ہوئے۔ سفارت خانہ مکمل طور پر تباہ ہوگیا۔ امریکہ نے اس کا الزام اسامہ بن لادن پر عائد کیا۔

31 جنوری 2000ء کو کینیا ایئر ویز کا طیارہ آبی جان (آئیوری کوسٹ) ایئرپورٹ پر تباہ ہوگیا۔ اس میں 170 افراد ہلاک ہوگئے۔

حکومت

کینیا جمہوری ملک ہے جہاں صدارتی طرز حکومت قائم ہے۔ صدر ریاست کا سربراہ اعلیٰ (ہیڈ آف سٹیٹ) اور تمام انتظامی اختیارات کا مالک ہے۔ جو عوام کے ووٹوں سے پانچ سال کے لئے منتخب ہوتا ہے۔ صدر قومی اسمبلی کے ارکان میں سے نائب صدر اور کابینہ کا انتخاب کرتا ہے۔ قومی اسمبلی کے 188 ارکان براہ راست عوام کے ووٹوں سے منتخب ہوتے ہیں۔ اٹارنی جنرل، سپیکر اور 10 دوسرے ارکان کو صدر نامزد کرتا ہے۔

☆......☆......☆......☆

محبت لازماً غالب آئے گی

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنے دور خلافت کے پہلے سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ کا افتتاح کرتے ہوئے فرمایا:۔

''حقیقت یہ ہے کہ دین کی جان محبت ہے۔ دین کی حقیقت عشق ہے۔ وہ دین جو محبت اور عشق سے عاری ہے اس کی کوئی بھی حقیقت نہیں۔ نہ وہ زندہ رہنے کے لائق ہے، نہ وہ زندہ رکھنے کے قابل ہے۔ روح ہے زندگی کی اور ادیان کا فلسفہ اس بات میں مضمر ہے کہ خدا سے محبت کی جائے اور ایسی محبت کی جائے کہ دنیا کی ہر چیز پر وہ محبت غالب آجائے۔ کوئی وجود اس سے زیادہ پیارا نہ رہے۔ کوئی ساتھی اس سے زیادہ عزیز تر نہ ہو۔ یہ محبت جب زندگی کے ہر دوسرے جذبے پر غالب آجاتی ہے تو اس وقت وہ لوگ پیدا ہوتے ہیں۔ جنہیں خدا نما وجود کہا جاتا ہے یہی سب سے بڑا ہتھیار ہے جس سے دنیا کے قلوب فتح کئے جائیں گے۔ یہی وہ ہتھیار ہے جس نے بہرحال غالب آنا ہے .... اس لئے خدام احمدیت بھی محبان احمدیت ہونے چاہئیں، عاشقان احمدیت ہونے چاہئیں۔ ان کے دل میں ولولے ہوں پیار اور محبت اور عشق کے۔ کیونکہ اس کے سوا ہمارے پاس اور کوئی طاقت نہیں اور اس کے سوا ہم دنیا کو فتح کرنے کا کوئی اور ذریعہ اپنے ہاتھ میں نہیں پاتے۔

ایک موقع پر بریڈ فورڈ (انگلستان) میں ایک اخباری نمائندے نے مجھ سے ایک سوال کیا۔ وہ اسی نوعیت کا سوال تھا۔ خصوصاً اس پہلو سے اس نے اپنی مطلب براری چاہی کہ آپ محبت کا پیغام تو دیتے ہیں مگر آپ یہ بتائیں کہ جن لوگوں نے آپ پر مظالم کئے ہیں اور شدید مظالم کئے ہیں ان کے لئے آپ کا کیا پیغام ہے؟ میں نے ان کو بتایا کہ ان کے لئے بھی ہمارے دل میں سوائے پیار اور محبت اور رحمت کے اور کوئی جذبہ نہیں۔ ....

تو حقیقت یہ ہے کہ محبت ایک ایسا ہتھیار ہے جس کے مقابل پر دنیا نے کبھی کوئی ہتھیار نہ ایجاد کیا ہے نہ کرسکتی ہے۔ اس نے لازماً فتحیاب ہونا ہے۔ اس لئے ہم جو آج نفرتوں کی آندھیوں میں گھرے ہوئے ہیں، ہم جو آج ایسی کمزور حالت میں اپنے آپ کو پاتے ہیں کہ جو قدم ہم اٹھائیں وہ بغض اور نفرت پیدا کرنے کا موجب بن جاتا ہے، جو نیکی ہم کریں وہ فتنہ و فساد شمار کی جاتی ہے، جو خدمت دین کے لئے ہم اقدام کریں اسے انتہائی حسد اور بغض کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، اس ساری صورت حال کا علاج بھی یہی ایک لفظ ''محبت'' ہے۔ کیونکہ حقیقت یہ ہے کہ دنیا نے ہمیشہ محبتوں سے نفرتوں پر فتح پائی ہے۔''

(ماہنامہ خالد نومبر، دسمبر 1982ء)

انبیاء علیہم السلام کی زندگی کی جڑ اور ان کی کامیابیوں کا اصل اور سچا ذریعہ دعا ہے

(حضرت مسیح موعود)

تعلیمی میدان میں ترقی کیلئے

میٹرک کے بعد آپ کیا کر سکتے ہیں

مرسلہ: نظارت تعلیم

روزنامہ الفضل مورخہ 30۔اپریل 2005ء میں شائع ہونے والے مضمون بعنوان ’’میٹرک کے بعد آپ کیا کر سکتے ہیں۔‘‘ کو بعض تبدیلیوں کے بعد دوبارہ شائع کیا جا رہا ہے۔ موجودہ مضمون میں بعض ایسی نئی باتیں ہیں جو گزشتہ ایک سال میں لاگو کی گئی ہیں اور طلبہ کے علم میں آنا بہت ضروری ہیں۔ (ادارہ)

کیا آپ نے سوچا ہے کہ میٹرک کے بعد آپ کیا کرنا چاہتے ہیں یا کیا کر سکتے ہیں۔ اپنے مستقبل کی منصوبہ بندی ابھی سے کیجئے تاکہ آئندہ کی پریشانی سے بچا جاسکے۔ نیز منصوبہ بندی کرنے اور اس پر عمل کرتے وقت خدا تعالیٰ سے دعا بھی کریں کہ وہ آپ کی صحیح رنگ میں رہنمائی فرمائے اور درست فیصلہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آپ کی رہنمائی کے لئے کچھ معلومات مہیا کی جا رہی ہیں۔

جامعہ یا وقف جدید میں داخلہ (وقف زندگی)

ایسے احمدی طلباء جو خدمت دین کے لئے اپنی زندگی وقف کرنے کے خواہشمند ہیں ان کو چاہئے کہ الفضل کا باقاعدہ مطالعہ کرتے رہیں اس میں جامعہ احمدیہ اور معلم کلاس وقف جدید کے داخلہ کا اعلان شائع ہوتا ہے۔ نیز جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے وکالت دیوان اور معلم کلاس وقف جدید کے لئے وقف جدید ربوہ سے مزید معلومات کے لئے رجوع کیا جاسکتا ہے۔ احمدی نوجوانوں کے لئے یہ سب سے بہترین شعبہ ہے کیونکہ اسکے تحت نوجوانی میں ہی خدا تعالیٰ کی خدمت میں اپنے آپ کو پیش کر کے اس کے کاموں میں لگا دیا جاتا ہے۔

ایف اے کیلئے مضامین

ایسے طلباء جو ایف اے کرنے کے خواہشمند ہوں وہ غور اور دعا کے بعد ایسے مضامین کا انتخاب کریں جو دلچسپ ہونے کے ساتھ ساتھ آئندہ کی پیشہ ورانہ زندگی کے لئے بھی مفید ہوں مثلاً اکنامکس شماریات اور میتھ۔ یہ مضامین ایف اے میں پڑھنے کے بعد کامرس اور خاص طور پر اکاؤنٹنگ کی فیلڈ کی طرف جانے کے لئے بھی مددگار ہوتے ہیں۔ اور آج کل اکاؤنٹنگ خاص طور پر چارٹرڈ اکاؤنٹنگ، کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹنگ اور ACCA زیادہ مشہور ہیں اور کثرت سے طلبہ ان کا رخ کرتے ہیں۔ دوسرے مضامین پڑھنے والے طلبہ بھی ان فیلڈز کو اختیار کر سکتے ہیں لیکن شماریات، اکنامکس اور ریاضی پڑھنے والوں کی چونکہ Background مضبوط ہوتی ہے اس لئے زیادہ بہتر طور پر ان فیلڈز میں چلنے کا امکان ہوتا ہے۔ ان فیلڈز میں جانے سے قبل داخلہ ٹیسٹ کلیئر کرنا لازمی ہوتا ہے اور یہ ٹیسٹ عام طور پر ریاضی۔ انگریزی اور جنرل نالج پر مشتمل ہوتا ہے۔ اور وہ طلبہ جو میٹرک کے بعد ایف اے میں پہلے دن ہی سے مطالعہ میں باقاعدگی کرتے ہیں ان کے لئے اس قسم کے ٹیسٹ کلیئر کرنا آسان ہوتا ہے۔

کمپیوٹر سائنس کیلئے میتھ کی ضرورت

اس کے علاوہ ایف اے میں میتھ پڑھنے والے طلبہ کمپیوٹر سائنس کے ڈگری پروگرام میں بھی داخلہ لینے کے اہل ہوتے ہیں۔ عام طور پر حکومتی ادارہ جات میتھ کے ساتھ ایف اے کرنے والے طالب علم کو کمپیوٹر سائنس میں داخلہ نہیں دیتے اس کے لئے ایف ایس سی پری انجینئرنگ ہونا لازمی ہے لیکن بہت سے اعلیٰ معیار کے پرائیویٹ ادارہ جات ایف اے (میتھ) کی بنیاد پر بیچلرز کمپیوٹر سائنس میں داخلہ دیتے ہیں۔ اگر ایف اے میں میتھ پڑھی ہو اور اس کے بعد حکومتی ادارہ سے سادہ بی اے میتھ کے ساتھ مکمل کیا ہو تو پھر ماسٹرز کمپیوٹر سائنس میں حکومتی ادارہ جات میں داخلہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ اور شرط یہی ہے کہ ہر لیول پر میتھ پڑھی ہو۔

ابلاغیات یا صحافت

آج کل کے زمانے میں ایک اور ابھرتی ہوئی فیلڈ ’’صحافت‘‘ یا ماس کمیونیکیشن بھی ہے اور کثرت سے احمدی طلباء و طالبات کو اس طرف بھی آنا چاہیے۔ خاص طور پر الیکٹرانک میڈیا اور بالخصوص کمپیوٹر ٹیکنالوجی کے تعارف کے بعد اس کی اہمیت اور بھی زیادہ ہوگئی ہے۔ ایف اے اور ایف ایس سی دونوں قسم کے پروگرام کرنے کے بعد بیچلرز میں اگر اختیاری مضمون کے طور پر صحافت رکھی جائے تو ماسٹرز (ایم اے) میں جانا آسان ہوتا ہے ورنہ صرف بی اے اور بی ایس سی بغیر صحافت کے مضمون کے بھی ایم اے میں جایا جاسکتا ہے لیکن اس کے لئے بی اے کے نمبر اچھے ہونا ضروری ہیں۔ اس میدان میں کمپیوٹر کے تعارف کے بعد جدت آگئی ہے نیز مقابلہ بھی سخت ہوگیا ہے اور داخلہ حاصل کرنے سے قبل بہت محنت کی ضرورت ہوتی ہے۔

بزنس ایڈمنسٹریشن (ایم بی اے)

ایف اے کرنے والے طلبہ B.B.A (بزنس ایڈمنسٹریشن) کرنے کے بعد MBA بھی کر سکتے ہیں اکثر حکومتی ادارہ جات میں داخلہ انٹرمیڈیٹ میں حاصل کردہ نمبروں اور ٹیسٹ پر ہوتا ہے اور پرائیویٹ ادارہ جات میں داخلہ کا معیار ٹیسٹ کلیئر کرنا ہے۔ اس کے علاوہ ایف اے اور بی اے کرنے کے بعد بھی MBA کیا جاسکتا ہے۔ پاکستان کی تمام پبلک یونیورسٹیاں ہر سال MBA میں داخلہ آفر کرتی ہیں جبکہ اعلیٰ معیار کے پرائیویٹ ادارہ جات بھی MBA کرواتے ہیں۔

ایم ایس سی کیلئے مضامین

اگر کسی کو کسی خاص مضمون میں ایم اے/ایم ایس سی کرنے کا شوق ہو تو کوشش کی جائے کہ ایف اے یا ایف ایس سی میں اس سے ملتا جلتا مضمون رکھا جائے تاکہ شروع دن ہی سے اس پر محنت کی جائے تاکہ اپنے ہدف کو حاصل کیا جاسکے۔ نیز اسطرح اسی مضمون میں بنیاد بہت مضبوط ہو جائیگی جو آگے چل کر بہت مفید ثابت ہوگی۔

قانون کی تعلیم (ایل ایل بی)

ایف اے۔ ایف ایس سی کرنے والے طلبہ لاء (قانون) یعنی L.L.B کی تعلیم بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ لیکن اس میں داخلہ کے لئے بی اے یا بی ایس سی ہونا لازمی ہے۔ حکومتی ادارہ جات میں داخلہ کا میرٹ بنایا جاتا ہے اور پرائیویٹ ادارہ جات میں داخلہ بذریعہ ٹیسٹ ہوتا ہے۔ L.L.B کی تعلیم میں پرائیویٹ ادارہ جات غیر معمولی کردار ادا کر رہے ہیں اس کے علاوہ اب پاکستان کے مختلف شہروں میں یونیورسٹی آف لندن کا L.L.B (External) پروگرام بھی مختلف پرائیویٹ تعلیمی ادارہ جات کرواتے ہیں اور یہ بھی بہت مقبول ہے۔

پری میڈیکل

ایف ایس سی پری میڈیکل کرنے کے بعد ایم بی بی ایس۔ بی فارمیسی۔ ڈینٹل سرجری، ایگریکلچر اور D.V.M میں بھی داخلہ لیا جاسکتا ہے۔ MBBS اور ڈینٹل سرجری میں داخلہ صرف ایف ایس سی میں حاصل کردہ نمبروں پر نہیں دیا جاتا بلکہ اب داخلہ ٹیسٹ جو انگریزی۔ فزکس۔ کیمسٹری اور بیالوجی پر مشتمل ہوتا ہے کو اچھے نمبروں سے کلیئر کرنا پڑتا ہے اور میرٹ دونوں کو سامنے رکھ کر بنایا جاتا ہے۔ F.Sc. میں حاصل کردہ نمبر کل میرٹ کا 65% ہوتے ہیں اور ٹیسٹ کے نمبر میرٹ کا 35% ہوتے ہیں۔ اس ٹیسٹ کی تیاری بہت محنت سے کرنا ہوتی ہے اور اس کا دارومدار ایف ایس سی کے دوران ایک معین ٹائم ٹیبل کے ساتھ بھی ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ بعض منظور شدہ پرائیویٹ ادارہ جات میڈیسن کرواتے ہیں اور ان میں داخلہ کے لئے داخلہ ٹیسٹ کلیئر کرنا لازمی ہے نیز حکومتی ادارہ جات کے مقابلہ پر ان ادارہ جات کی غیر معمولی فیس ہوتی ہے جس کو ادا کرنا ہر ایک کیلئے مشکل ہوتا ہے اس لئے اول ترجیح حکومتی ادارہ جات کو دینا چاہئیے۔ جہاں داخلہ ٹیسٹ کلیئر کرنے کے بعد داخلہ ہو جائے تو پرائیویٹ ادارہ جات کے مقابلہ پر اخراجات کم ہوتے ہیں۔

ایف ایس سی پری میڈیکل کرنے کے بعد بی اے۔ بی ایس سی۔ بی کام اور بی بی اے بھی کیا جاسکتا ہے۔

پری انجینئرنگ

ایف ایس سی پری انجینئرنگ کرنے کے بعد حکومتی انجینئرنگ یونیورسٹیوں میں الیکٹریکل۔ سول۔ مکینیکل۔ میکاٹرانکس کیمیکل۔ آرکیٹیکچر۔ الیکٹرانکس۔ میٹالرجی انڈسٹریل۔ ایروناٹیکل۔ ٹیلی کمیونیکیشن اور کمپیوٹر انجینئرنگ میں داخلہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ کل میرٹ بناتے وقت داخلہ ٹیسٹ جو انگریزی۔ فزکس۔ کیمسٹری۔ اور میتھ پر مشتمل ہوتا ہے اور F.Sc. کے نمبروں دونوں کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔ F.Sc. میں حاصل کردہ نمبر کل میرٹ کا 65% ہوتے ہیں جبکہ ٹیسٹ کے نمبر میرٹ کا 35% ہوتے ہیں۔ اس لئے اس ٹیسٹ کی تیاری کا دارومدار ایف ایس سی کے دوران باقاعدہ پڑھائی کے ساتھ بھی ہے۔ اور داخلہ

ٹیسٹ ہونے کی وجہ سے مقابلہ اور بھی سخت ہوتا جا رہا ہے۔ کچھ اعلیٰ معیار کے تعلیمی پرائیویٹ ادارہ جات بھی انجینئرنگ کرواتے ہیں۔ لیکن داخلہ سے قبل ٹیسٹ کلیئر کرنا لازمی ہوتا ہے۔

کمپیوٹر سائنس

کثرت سے ایف ایس سی کرنے والے طلبہ کمپیوٹر سائنس کی فیلڈ اختیار کرنا چاہتے ہیں حکومتی ادارہ جات میں جو کمپیوٹر سائنس کرواتے ہیں وہ صرف ان طلبہ کو داخلہ دیتے ہیں جنہوں نے ایف ایس سی پری انجینئرنگ کی ہو لیکن بعض اعلیٰ معیار کے پرائیویٹ ادارہ جات اس کو لازمی نہیں قرار دیتے بلکہ ان کی شرط میں ایف ایس سی۔ ایف اے میں صرف میتھ پڑھا ہونا لازمی ہے اور اگر میتھ پڑھا ہو اور داخلہ ٹیسٹ کلیئر ہو تو داخلہ مل جاتا ہے۔ کمپیوٹر سائنس کو سافٹ ویئر انجینئرنگ بھی کہا جاتا ہے اور اسی سے تعلق رکھنے والی فیلڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی (IT) میں بھی داخلہ کا طریقہ یہی ہے کہ ڈگری پروگرام میں داخلے کی شرائط میں F.Sc./F.A میں میتھ پڑھا ہونا لازمی ہے۔

ایف ایس سی پری انجینئرنگ کرنے والے طلبہ بی اے، بی ایس سی، بی بی اے، بی کام، سی اے اور اے سی سی اے بھی کر سکتے ہیں۔

آج کل کثرت سے مختلف ادارہ جات کمپیوٹر کے Certification کورسز کروا رہے ہیں۔ کوشش یہ کی جائے کہ ان کورسز میں داخلہ سے قبل انٹرمیڈیٹ ضروری ہو۔ اور انٹرمیڈیٹ اگر میتھ کے ساتھ ہو تو سب سے بہتر ہے۔ صرف میٹرک کے بعد ان کورسز کا رخ کرنا درست نہیں ہے۔

فائن آرٹس

وہ طلبہ جو انٹرمیڈیٹ کے بعد فائن آرٹس ڈیزائنگ وغیرہ میں ڈگری حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ بعض ادارہ جات لازمی قرار دیتے ہیں کہ انٹرمیڈیٹ میں ان طلبہ نے فائن آرٹس کا مضمون پڑھا ہو لیکن اکثر ادارہ جات اس کے بغیر بھی داخلہ دیتے ہیں لیکن داخلہ ٹیسٹ میں خاص طور پر فری ہینڈ ڈرائنگ کا عمدہ مظاہرہ کرنا پڑتا ہے تب جا کر داخلہ حاصل کیا جاتا ہے۔

ٹیکنیکل تعلیم

ایسے طلبہ جو میٹرک کرنے کے بعد کسی ٹیکنیکل کالج میں داخلہ حاصل کر کے تین سال کا ڈپلومہ DAE حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ اسکے بعد کسی بھی انجینئرنگ یونیورسٹی میں داخلہ حاصل کر سکتے ہیں اور داخلہ کی شرط میں داخلہ ٹیسٹ کلیئر کرنا لازمی ہے لیکن اگر DAE کے بعد بیچلرز اور پھر ماسٹرز کسی مضمون میں کرنا چاہتے ہیں تو اس کی اجازت ہے کیونکہ DAE کا کورس انٹرمیڈیٹ کے برابر ہے نیز اب DAE کے بعد بعض ادارے B-Tech بھی کرواتے ہیں۔

کامرس میں دلچسپی

ایسے طلبہ جو کامرس میں دلچسپی رکھتے ہوں وہ میٹرک کے بعد C.Com'I.Com اور D.Com بھی کر سکتے ہیں اور اس کے بعد C.A , B.Com اور ACCA اور BBA کی طرف بھی جایا جا سکتا ہے۔

ہوم اکنامکس

بعض طالبات جو ہوم اکنامکس مضامین پڑھنا چاہتی ہیں وہ میٹرک کے بعد ہوم اکنامکس کالجز میں چار سالہ B.Sc. میں داخلہ حاصل کر سکتی ہیں یا پھر F.Sc. کرنے کے بعد زرعی یونیورسٹی وغیرہ میں دو سالہ بیچلرز ہوم اکنامکس میں کر سکتی ہیں۔ ان میں مختلف پیشہ وارانہ مضامین پڑھائے جاتے ہیں مثلاً چائلڈ ڈویلپمنٹ۔ فوڈ اینڈ نیوٹریشن۔ فوڈ ٹیکنالوجی۔ آرٹس۔ سوشیالوجی آرٹس RURAL سوشیالوجی وغیرہ۔

غیر ملکی زبانیں

میٹرک کرنے کے بعد پاکستان کے بڑے شہروں میں واقع بعض ادارہ جات غیر ملکی زبانوں میں سرٹیفکیٹ ڈپلومہ کورسز کرواتے ہیں ان کے بعد مختلف معیار کے اور کورسز بھی جاری رہتے ہیں نیز ساتھ پرائیویٹ طور پر انٹرمیڈیٹ/بیچلرز کر لیا جائے تو دہرا فائدہ ہوتا ہے۔ ان میں سب سے بڑا ادارہ NUML ہے جو مختلف زبانوں میں ماسٹرز بھی کرواتا ہے۔ واقفین نو کو اس طرف خاص طور پر آنے کی ضرورت ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے کورسز

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی بھی میٹرک پاس طلبہ کو بعض کورسز آفر کرتی ہے جن میں ڈیری فارمنگ، شہد کی مکھیاں پالنا، الیکٹریکل کورسز، آٹو ٹیکنیشن کورسز وغیرہ شامل ہیں۔ اس کے داخلہ جات سال میں دو مرتبہ کھلتے ہیں جن کا اعلان قومی اخبارات میں ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ اسی ادارہ نے مختصر المیعاد تعلیمی پروگرام STEP کے نام سے جاری کیا ہوا ہے جس کے تحت کمپیوٹر کورسز کروائے جاتے ہیں اور داخلہ سال میں کسی بھی وقت لیا جا سکتا ہے۔ اسکے علاوہ PTC وغیرہ کورسز بھی اسی یونیورسٹی سے آفر ہوتے ہیں۔

ضروری امور

وہ طلبہ و طالبات جو انجینئرنگ اور کمپیوٹر سائنس میں داخلہ کے خواہش مند ہیں ان کو چاہئے کہ جماعت میں قائم انجینئرنگ و آرکیٹکچر ایسوسی ایشن (IAAAE) اور ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز (AACP) کے لوکل چیپٹرز کے پریزیڈنٹ صاحبان سے رابطہ کر کے مزید معلومات بھی حاصل کر سکتے ہیں اس طرح ان کو زیادہ بہتر PLanning کرنے کا موقع مل جائے گا۔

نظارت تعلیم کوشش کرتی ہے کہ پاکستان میں کروائے جانے والے مختلف پروگراموں کے بارے میں اعلانات 'الفضل' میں شائع ہوں اور کثیر تعداد میں طلبہ اس سے فائدہ بھی اٹھاتے ہیں اس لئے ایک تو طلبہ کثرت سے الفضل کا مطالعہ باقاعدگی سے کریں نیز سیکرٹریان تعلیم کو بھی چاہئے کہ ان اعلانات اور مضامین کے ذریعہ اپنے حلقہ/جماعت کے طلبہ کی رہنمائی کریں اور نظارت تعلیم سے رابطہ رکھیں نیز آپ کے پاس کچھ معلومات ہوں تو چھپی ہوئی صورت میں نظارت کو ارسال کریں۔

آخر میں تمام طلبہ اپنے لئے خاص طور پر دعا کریں۔ کہ اللہ تعالیٰ ان کو جماعت اور اپنے خاندانوں کے لئے نافع الناس وجود بنائے۔ آمین!

(نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ۔ پوسٹ کوڈ نمبر 35460)
فون نمبر 047-6212473
ntaleem@fsd.paknet.com.pk

حکیم مخدوم الطاف احمد صاحب

نزلہ زکام سے بچاؤ

نزلہ کو سائنسی زبان میں انفلوئنزا اور عام طور پر فلو، یا زکام کہتے ہیں۔ انفلوئنزا آجکل کے موسم یعنی گرمی کے شروع میں وباء کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ جس کی وجہ پینے کے لئے یخ پانی کا استعمال اور ہمارے آس پاس کا گرد و غبار ہے۔

